کے۔ الیکٹرک کا کیش بیک سروس کی فراہمی کے لیے بینک الفلاح سے اشتراک

کراچی، 7 اپریل، 2023 :صارفین کو ڈیجیٹل طور پر بااختیار بنانے کے لیے پُرعزم کے۔ الیکٹرک بینک الفلاح کے اشتراک سے ماہانہ یوٹیلیٹی بل کی ادائیگی کے لیے الفا آیپ اور کیو آر کوڈز استعمال کرنے والے بینک صارفین کو کیش بیک سروس فراہم کرے گا۔

اس پیشکش کے ذریعے بینک الفلاح کی الفا بینکنگ آیپ کے تمام رجسٹرڈ صارفین، بشمول اکاؤنٹ ہولڈرز اور والٹ کسٹمرز الفا کیو آر کا استعمال کرتے ہوئے 2 ہزار روپے یا اس سے زائد کے بل کی ادائیگی پر 500 روپے کا کیش بیک حاصل کرسکتے ہیں۔ کیش بیک صارفین کے بینک اکاؤنٹس میں پانچ کاروباری دن کے اندر اندر منتقل ہوجائے گا۔ یہ سہولت 15 اپریل 2023 تک ہے۔

کے۔ الیکٹرک پاکستان میں پہلی پاور یوٹیلیٹی ہے جس نے بینک الفلاح کے تعاون سے کیو آر کوڈ سے ادائیگی کا فیچر متعارف کرایا ہے، تاکہ صارفین بغیر کسی پریشانی کے ڈیجیٹل طریقے سے بل کی ادائیگی کر سکیں۔ اب صارفین کیو آر کوڈ کو اسکین کرکے کیو آر کو سپورٹ کرنے والے موبائل بینکنگ ایپلی کیشنز کے ذریعے ادائیگی کرسکیں گے۔

کے الیکٹرک کے 10 لاکھ سے زائد صارفین ڈیجٹیل پلیٹ فارم استعمال کرتے ہیں اورڈیجیٹل پلیٹ فارم استعمال کرنے والے صارفین کو سہولت اور مراعات فراہم کرنے کے لئے کے الیکٹرک مستقل بنیادوں پر نئے مواقع کی تلاش میں رہتا ہے۔ اور اس حوالے سے صنعت میں ایک قائدانہ کردادر ادا کررہا ہے۔ کمپنی نے بینک الفلاح سمیت 40 سے زائد اداروں کے ساتھ شراکت داری کی ہے اور 400,000 سے زائد صارفین کو کیش بیک کی سہولت فراہم کی ہے۔ صارفین کی سہولت کے لیے نئے ڈیجیٹل سلوشنز فراہم کرناکمپنی کی ترجیحات میں شامل ہے۔ آسان ذرائع سے باقاعدہ بل کی ادائیگی کے رجحان کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں۔ کے۔ الیکٹرک ویب سائٹ اور کے ای لائیو آیپ کے ذریعے بھی بل کی ادائیگی کی جاسکتی ہے۔

کے۔ الیکٹرک کا تعارف

کے۔ الیکٹرک ایک پبلک لسٹڈ کمپنی ہے۔ 1913ء میں بنی کمپنی کی پاکستان میں شمولیت کے ای ایس ای کے نام سے ہوئی۔ کے ای پاکستان کی واحد عمودی طور پر مربوط یوٹیلیٹی ہے، جو کراچی اور اُس کے ملحقہ علاقوں سمیت 6500 مربع کلومیٹر علاقے کو بجلی فراہم کرتی ہے۔ کمپنی کے 66.4 فیصد حصص)شیئرز (پاکستان اسٹاک ایکسچینج)پی ایس ایکس (میں لسٹڈ ہیں، اور کے ایس ای پاور کی ملکیت ہیں۔ یہ سرمایہ کاروں کا ایک کنسورشیم ہے، جس میں سعودی عرب کی الجومعہ پاور لمیٹڈ، کویت کا نیشنل انڈسٹریز گروپ)ہولڈنگ (اور انفرا اسٹرکچر اینڈ گروتھ کیپٹل فنڈ)آئی جی سی ایف (شامل ہیں۔ کے۔ الیکٹرک میں حکومت پاکستان کے بھی 24.36 فیصد حصص ہیں۔

بینک الفلاح کے بارے میں

بینک الفلاح پاکستان کا ایک سرکردہ کمرشل بینک ہے، جس کی 200 شہروں میں 900 سے زیادہ شاخیں ہیں۔ متحدہ عرب امارات، بنگلا دیش، بحرین اور افغانستان میں بھی اس کی شاخیں ہیں۔ بینک کارپوریٹ اور انویسٹمنٹ بینکنگ، کنزیومر بینکنگ، سکیورٹیز بروکریج، کمرشل، چھوٹے اور درمیانے درجے کے انٹرپرائزز، زرعی، اسلامی اور نجی شعبے کے اداروں اور حکومتوں کو اثاثہ جات کی مالی امداد سمیت مختلف مصنوعات اور خدمات فراہم کرتا ہے۔

2018 میں بینک الفلاح نے اپنا ڈیجیٹل بینکنگ گروپ شروع کیا، جس نے صنعت کے لیے الفا ایپ بناکر اعلیٰ معیار قائم کیا۔ یہ ایک انقلابی ایپلی کیشن خدمات کی بے مثال رینج اور تمام خصوصیات کو ایک آسان پلیٹ فارم پر اکٹھا کرتا ہے۔ 2022 میں بینک کو پاکستان بھر میں بہترین "ڈیجیٹل بینک" اور "ہاؤسنگ فنانس" کے ایوارڈ سے نوازا گیا، جو صارفین کی مالی صلاحیتوں کو آسان اور بہتر بنانے کے عزم کا عکاس ہے۔